تعلیمات اسلامی (لازمی)	انٹر پارٹ-I لاہور بورڈ، 2018	پہلا گروپ
وقت: 1 گھنٹہ 45 منٹ	(انشائیہ طرز)	کل نمبر: 40

(حصہ اول)

-2 کوئی سے چھ (6) سوالات کے مختصر جوابات لکھیے: 12

(i) توحید کے لغوی اور اصطلاحی معنی تحریر کیجئے۔

(ii) تورات اور انجیل کن انبیاءؑ پر نازل ہوئیں؟

(iii) شرک کی اقسام بیان کیجئے۔

(iv) رسول اور نبی میں کیا فرق ہے؟

(v) حج کے لغوی اور اصطلاحی معنی تحریر کیجئے۔

(vi) منافق کی علامات تحریر کیجئے۔

(vii) بیوی کے دو فرائض لکھیے۔

(viii) نماز کے دو معاشرتی فوائد لکھیے۔

(ix) دہشت گردی کے دو اسباب لکھیے۔

-3 کوئی سے چھ (6) سوالات کے مختصر جوابات لکھیے: 12

(i) قبیلہ دوس کے بارے میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا دعا فرمائی تھی؟

(ii) بچوں پر رحمت کے حوالے سے اُسوۂ نبویؐ تحریر کیجئے۔

(iii) عفوو درگزر کے بارے میں نبیؐ کی زندگی سے کوئی واقعہ تحریر کیجئے۔

(iv) ذکر کی اقسام تحریر کیجئے۔

(v) کس صحابیؓ نے تدوینِ قرآن کا ابتدائی حکم دیا تھا؟

(vi) حدیث سے کیا مراد ہے؟

(vii) قرآن کے کوئی سے چار اسماء تحریر کیجئے۔

(viii) آیت کا ترجمہ کیجئے: لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ

(ix) حدیث کا ترجمہ کیجئے: اَلْمُسْلِمُ مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُوْنَ مِنْ لِّسَانِهٖ وَ يَدِهٖ

(حصہ دوم)

نوٹ: مندرجہ ذیل سوالات میں سے صرف دو کے جوابات لکھئے۔

-4 رسالتِ محمدی صلی اللہ علیہ وسلم کی خصوصیات تفصیل سے تحریر کیجئے۔ 8

-5 عقیدۂ آخرت کے انسانی زندگی پر اثرات تحریر کیجئے۔ 8

-6 قرآن مجید کی ترتیب اور جمع وتدوین پر نوٹ لکھئے۔ 8